
| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ط‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف ’ط‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت اور بناوٹ سے ’ط‘ لکھ سکیں۔ اس کے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’حروف تہجی اردو کے نظم‘ سنائی جائے گی۔ بچوں سے ا تا ط حروف کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کا تلفظ اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ط‘ کا تلفظ آواز اور اس کے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو ’ط‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر ’ط‘ متعارف کروایا جائے گا۔ میں حرف ’ط‘ ہوں۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے شکل میں کوئی فرق نہیں آتا میری کوئی چھوٹی شکل نہیں بچوں کو یاد دلایا جائے گا کہ آپ ٹ اور ڈ اور ڑ پر ط بنانا سیکھ چکے ہیں۔ اب آپ بڑی ’ط‘ لکھنا سیکھیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ’ط‘ کو درست تلفظ کے ساتھ بولنا سیکھیں گے حرف ’ط‘ کے الفاظ طعام، طوفان، طاقت، طیارہ، طواف، طبلہ، طبیب اور طفل متعارف کروائے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ط کے اوپر کوئی نقطہ نہیں ہوتا۔ ’ط‘ کی آواز ’ت‘ جیسی ہے۔ ’ط‘ کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ ’ط‘ حروف تہجی کا بائیسواں حرف ہے تختہ سیاہ/سفید پر لکیر کھینچ کر ’ط‘ لکھنے کا درست طریقہ بتایا جائے گا اور بچوں کو باری باری بلا کر ’ط‘ لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 50 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں سے حرف ’ط‘ پر انگلی پھیرنے کو کہا جائے گا حرف ’ط‘ کی اشیاء کے نام بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی بچوں کو ’ط‘ کے کٹ آؤٹس دیے جائیں گے بچے مختلف رنگوں سے انگلی کی مدد سے ’ط‘ میں رنگ بھریں گے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 50 ’ط‘ کے کٹ آؤٹس رنگ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ’ط‘ کی صوتی آواز کی مشق کروایئے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ط' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ط' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔درست ساخت اور بناوٹ سے 'ط' لکھ سکیں۔ اس کے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو " حروف تہجی اردو کے نظم" سنائی جائے گی۔ بچوں کو 'ط' کا فلیش کارڈ دکھا کر تلفظ صوتی آواز، نقطے اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ط' کا تلفظ آواز اور اس کے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'ط' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو طوفان کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ طوفان ہے جب طوفان آتا ہے تو بہت زیادہ تیز ہوا چلتی ہے درخت گر جاتے ہیں کچھ ملکوں میں اتنے تیز طوفان آتے ہیں جو گھروں کو اپنے ساتھ اُڑا لے جاتے ہیں بچوں کو بتایا جائے گا کہ طوفان کی ابتدائی آواز 'ط' کی ہے۔ بورڈ پر بڑا حرف 'ط' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتایئے۔ بچوں سے ہوا میں جلد پر حرف 'ط' کی شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف 'ط' کے فلیش کارڈ دے کر انگلی سے اور پھر رنگین مارکر سے 'ط' لکھنے کی مشق کروایئے۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی اور جس میں طیارہ میں رنگ بھرنے اور 'ط' پر پینسل پھیرنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | مارکر ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے تختہ سفید/سیاہ پر حرف 'ط' لکھوایئے۔آواز کی دہرائی کروایئے۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ط' | دن: | تیسرا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ط' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت اور بناوٹ سے 'ط' لکھ سکیں۔ اس کے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ط' کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ط' کا تلفظ آواز اور اس کے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم طیارہ کے بارے میں بات کریں گے اس کو ہوائی جہاز بھی کہتے ہیں۔ یہ ہوا میں اُڑتا ہے۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ دور سفر کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ کیا آپ میں سے کسی نے ہوائی جہاز/طیارہ کا سفر کیا ہے بچوں کو بتایا جائے گا کہ طیارہ کی ابتدائی آواز 'ط' کی ہے۔ بچوں سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں کی مدد سے ہوا میں 'ط' بنائیں اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف 'ط' اس کے الفاظ کی تصاویر اور مختلف تصاویر دائرے والے فلیش کارڈ کی صورت میں دی جائیں گی۔ اور ان کو کہا جائے گا کہ Peg کو حرف 'ط' کے الفاظ پر لگادیں۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں 'ط' کی تصاویر میں رنگ بھرنے اور پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ |  | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے طعام، طوفان اور طیارہ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>حرف 'ط' کی تصاویر کے گرد دائرہ بنایے اور 'ط' پر پینسل پھیریے۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ط' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ط' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت اور بناوٹ سے 'ط' لکھ سکیں۔ اس کے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ط' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ط' کا تلفظ آواز اور اس کے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ط' کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو طفل، طبیب، طواف اور طبلہ کے فلیش کارڈ دکھا کر نام بتائے جائیں گے ناموں کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ طبیب ڈاکٹر کو کہتے ہیں طفل بچے کو کہا جاتا ہے۔ طواف سے مراد اللہ کے گھر کے گرد چکر لگانا ہے۔ بچوں کے ساتھ مل کر ہوا میں ایک بڑی سی 'ط' لکھیے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو بتایئے کہ آج ہم I Spy کھیل کھیلیں گے 'ط' کے فلیش کارڈ اور کچھ مختلف حروف کے فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں چسپاں کر دیں (نرم بورڈ پر، سفید سیاہ بورڈ پر، دیوار پر، دروازے پر)۔ کہیے میں نے حرف 'ط' سے شروع ہونے والی ایک چیز جو ہوا میں اُڑتی ہے۔ دیکھی ہے بچے کلاس میں وہ چیز تلاش کریں گے اور اس کا نام بتائیں گے۔<br>میں نے حرف 'ط' سے شروع ہونے والی ایک تصویر دیکھی ہے جب ہم بیمار ہوتے ہیں تو اس کے پاس جاتے ہیں بچے کلاس میں وہ چیز تلاش کریں اور نام بتائیں گے۔<br>بچوں سے کہا جائے گا کہ کتاب صفحہ نمبر 51 کھولنے اور دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کون سا حرف لکھنا سیکھ رہے ہیں بتایئے۔ بچوں کو حرف 'ط' کو اس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملانے میں مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 51 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید سیاہ پر لکیر کھینچ کر حرف 'ط' لکھنے کی مشق کروایئے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ط' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ط' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت اور بناوٹ سے 'ط' لکھ سکیں۔ اس کے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف 'ط' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو طعام کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ طعام کے معانی کھانا کھانے کے ہیں۔ کھانا کھانے سے ہم میں طاقت آتی ہے اور ہم اپنے روزمرہ کے کام بخوبی کر پاتے ہیں بچوں کو بتایا جائے گا کہ طعام اور طاقت کی ابتدائی آواز 'ط' کی ہے۔ بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ط' کی درست بناوٹ بنانے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ط' لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ط' کی صوتی آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ط' کی لکھائی کریں۔ | 3 منٹ<br><br>5 منٹ<br><br>30 منٹ<br><br>2 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br><br>Sand Tray<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ط' کا تلفظ آواز اور اس کے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر |